نغمہ پروردہ ہی شورش سی افاقت معلوم — بادہ پر زور ہی کیا نشہ کی شدت کم ہو

شیفتہ کیسی ہی معنی ہون مگر نامقبول
اگر اسلوب عبارت مین متانت کم ہو

اوٹھہ صبح ہوئی مرغ چمن نغمہ سرا دیکھہ — نور سحر و حسن گل و لطف ہوا دیکھہ
دو چار نوشتون پہ بلا آئینگی ناحق — ای غیرت ناہید نہو نغمہ سرا دیکھہ
نسبت سی حنا کی ہین مجہی مین نہین بنتا — او صانع ملک دیکھہ او اطوار گدا دیکھہ
گر بو الہوسی یون تجہی باور نہین آتی — اک مرتبہ اغیار کی قابو مین تو آ دیکھہ
عاشق بہی سہی پر کوئی فرہاد سا ہو گا — کاشانہ دشمن مین نہو جلوہ نما دیکھہ
اتنی نہ بڑہا پاکئی دامن کی حکایت — دامن کو ذرا دیکھہ ذرا بند قبا دیکھہ

اک دم کی نہ ملنی پہ نہین ملتی ہین مجھسی
ای شیفتہ مایوسی امید فزا دیکھہ

کہون مین کیا کہ کیا دردنہان ہی — تمہاری پوچھنی ہی کسی عیان ہی

شکایت کی ہی اب طاقت کہان ہے — نگاہ حسرت آہ ناتوان سے

نشان پای غیر اوس آستان پر — نہین ہی میری مرقد کا نشان ہی

اجل نی کی ہی کس دم مہربانی — کہ جب پہلو مین وہ نامہربان ہی

تجھی ہی بہلگیا ہی کوئی تجہسا — اب آئینہ سی وہ صحبت کہان ہی

یہہ کس گلرو کا عالم یاد آیا — دم سرد اک نسیم بوستان ہی

ہوئی بیتابی بلبل سو شتر — کہ گھبرایا ہوا کچھہ باغبان ہی

سحر اونکو ارادہ ہی سفر کا — قیامت آئی ہی شب درمیان ہی

کوئی یہان لاو اوس عیسی نفس کو
کہ مرتا شیفتہ نام اک جوان ہی

یاد آئی عطر فشانی اوسکی کو مجھی — لیجاےگی بہشت مین گلشن کی بو مجھی

ای چرخ تیری دور مین انصاف ہی مجھی — وصل صنم عباد کو ہو رشک عدو مجھی

رحم ای ہجوم شوق کہ سنبل سی باغمین — یاد آئیگا وہ طرہ نابیدہ مو مجھی

دشمن کسی کو شکر کی سجدہ سی وقت قتل — شاید کہ آب تیغ سی ہوگا وضو مجھی

تا صبح حشر بخت مری جاگتی رہین — اکبار صبح اگر جگائی جو تو مجھی

تشبیہ تیری زلف سی دی ہو نہ غیر نی — سنبل سی عطر فتنہ کی آتی ہی بو مجھی

اب وصال اوس سمن اندام کو کہان — بس بس نہ چھیڑ ای خلش آرزو مجھی

جاتا ہون کوی غیر مین صحرا کی بدلی مین — دیوانگی مین نہی ہی تیری جستجو مجھی

وہ بالغ عشق ہی تمہین شوق اضطراب
بھاتی نہین ہی شیفتہ ایسی ہی خو مجھی

اگلی رشک اونکو یاد آنی لگی — ہم جو غیرونکی گہرمین جانی لگی

کچھہ بناوٹ سی تو نہین یہہ عشق / تم مجھی عطر کیون سنگھانی لگی
میری داغون کا ذکر کرتی ہین / یاری غیرونکو بھی جلانی لگی
تلخکامی کی گر کہین لذت / چرخ غالب کہ زہر کہانی لگی
میری رونیمین تو نہین تاثیر / غیر پھر اشک کیون بہانی لگی
غیر سی کب ہوا ہی ترک کلام / باتین تم ہمسی بھی بنانی لگی
ہم جو تحریک نا توانی سے / قصہ ہائی ستم سنانی لگی
ہنسکی کہنی لگی کہان سچ ہے / تم میری ناز کیون اوٹہانی لگی

وہ غزل ہمنی شیفتہ لکھی
جسکو زہرہ بھی سنکی گانی لگی

اور الفت بڑہ گئی اب اوس ستم ایجاد کی / آگئی لذت جو پائی دلنی ہر بیداد کی
غیر کو اندوہ فرقت اب مبارک ہوکہ یہان / وہ یہان جاتا ہی نہین اوسکا دل ناشاد سی
عشق مین یہہ مرحلہ بھی پیش آتا ہی ضرور / کمسکو امید اثر ہی نالہ و فریاد سی
مجھسی کیا کیا شاد ہوگی روح قیس و کوہکن / پھر نظر آتی ہین کوہ و دشت کچھہ آباد سی
ہین وہ قابو مین عدو کی بس یہی تدبیر ہے / جا ہین اوسکی پاس نالان یار کی بیداد سی
رشک آزادی یہہ ہی ایسی پھر قفس کی مجھکو / چھٹ گئی جو جان و پکڑ پنجہ صیاد سی
ڈوب مرنیکی جگہہ ہی غسل صحت ہجر مین / روئی دنیا ہون احبا کی مبارکباد سی
وہ قتیل تیشہ ہی مین کشتہ ابروی یار / یار بیجا مجکو نسبت دیتی ہین فرہاد سی

چھیڑ لی کیون ہو مجھی جانی دو وان بات تو نکو بس
تم بہلا جاتی رہوگی شیفتہ کی یاد سی

پھر محرک ستم شعاری ہے / پھر اونہین جستجو ہماری ہے
پھر وہی داغ و دل سی صحبت گرم / پھر وہی چشم و شعلہ باری ہے
پھر وہی جوش و نالہ و فریاد / پھر وہی شور آہ و زاری ہے
٣ پھر خیال نگاہ کافر ہے / پھر تمنای زخم کاری ہے

پھر وہاں طرز دلنوازی ہے
پھر یہاں رسم جاں نثاری ہے

پھر وہی بیقراری تسکین
وہی تسکین بیقراری ہے

پھر جفا واں وفا ہوئی پھر یہاں
ناامیدی امیدواری ہے

جسکی جور و ستم بھی یاد نہ تھے
پھر ہمیں اوسکی یادگاری ہے

پھر ہمیں کام کچھ نہیں تمسے
پھر وہی وضع گر تمہاری ہے

شیفتہ پھر ہی ننگ غیرت سے
پھر وہی ہم ہیں اور خواری ہے

وہاں پہنچنے کی منت دم صبا پر ہے
کہ شوق سے میری خط کی لئے ہوا پر ہے

عدو کو آگ ہے میری شکر اکی ذبح نہ کر
کہ میری مرگ بھی موقوف اسی ادا پر ہے

مرض ہو جسکی سبب سے غضب ہے وہ بھی
جئے جئے نہ جئے زور کیا قضا پر ہے

رقیب کہتے ہیں اس جور پر بنا ہے تو
قیامت آئی کہ تشنیع اب وفا پر ہے

خفا ہوئے ہیں عدو اپنے ہی بری خو سے
تجھے گمان پڑا یہ بدگمان حیا پر ہے

خیال تھے اثر جذب دل سے کیا کیا آج
ہزار خون ہوس گردن حنا پر ہے

رقیب سے ہی جفائے حبیب کا شکوہ
تو آپ شیفتہ اے شیفتہ جفا پر ہے

فصل گل ہی میکدہ کا ساز و ساماں چاہئے
توبہ ژولیدہ زیب طاق نسیاں چاہئے

محو لیلی ہی یہ مجنوں چارہ ساز دلسے کہو
اسکی رسی کی یوسف کا زنداں چاہئے

کشمکش اس جیب سے دست جنوں بیفائدہ
غیر کا زور آزمائی کو گریباں چاہئے

نرگستاں چاہئے لے جا ہے سنبل کدہ
چشم فتاں چاہئے زلف پریشاں چاہئے

جا ہے سبزہ سبزہ خط قد شوریدہ جا ہے سرو
یہ گلستاں ہو تو واں سیر گلستاں چاہئے

شاہدان دلربا اتنے نہیں دشوار جو
صرف انکو مال و جاں ناموس و ایماں چاہئے

ہر غزل اپنی بیاض چشم آہو پر لکھو — جیسی دیوانی ہیں ہم ویسا ہی دیوان چاہئے
نغمہ ہائی گلفشاں کو سمجھیں کیا زاغ و زغن — داد دینی کو مری مرغ خوش الحان چاہئے
گرد کلفت خاک صحرا دشنۂ غم نوک خار — تیری وحشی کی لئے ایسا بیابان چاہئے
جان دیتی ہیں درد ہجر گلرخسار میں — نعش کی ہمراہ بلبل مرثیہ خوان چاہئے
اگر ایسی وقت کم آتی ہیں ارباب خلل — مے کشی کا شغل وقت ابر و باران چاہئے
جس روش ہیں کی خرامش خواہ نیک و خواہ بد — اوسمیں جد و جہد تا سر حد امکان چاہئے
گر سلوک راہ حق پیشہ ہی ای روحی فداک — جد بی اندازہ و سعی فراوان چاہئے
پایۂ کم پر نشر بنکو نسی قناعت ننگ ہی — بایزیدی زہد ہو شبلی کا عرفان چاہئے
جسم سی ہو معنی روح مجرد آشکار — لفظ سی ہو صورت معنی نمایان چاہئے
اور اگر شیوہ معاذ اللہ رندی کا ہوا — کام ناقص ہی اگر کیا اسمیں نقصان چاہئے
نغمہ نی کا گذر ہو پردہ گاہ زہرہ تک — ہو جبہی کا اثر تا بام کیوان چاہئے

ابرو رونی سی ہی پر فخر یکتائی ہمیں
شیفتہ مژگان تر خونابہ فشان چاہئے

کیونکر مجھی خط رقم کرینگے — کیا غیر کا سر قلم کرینگے
ہم پیشہ ہی اضطراب و شوخی — کسواسطی مجھ سی رم کرینگے
اتنی بھی بری ہی بیقراری — اب آپ سی انس کم کرینگے
جوش وحشت میں ای پریرو — بس تیرا ہی نام و دم کرینگے
نوبت ہی تو سب انھو رہیں ہو — اب غیر پہ وہ ستم کرینگے
مرنی کا میری نہ ذکر کرنا — قاصد وہ بہت الم کرینگے
آرام کی فکر اب ہوئی ہے — کشتی بہوا وہ ہم کرینگے

دلی میں تو شیفتہ ہی استاد

ہم قصیدہ سے عجیب کر بیگی

دل سے یہاں اپنی تدبیر ہے
کیا اثر نالۂ شبگیر ہے

جو کہ ہوا محو تجلی ذات
خاک در اوس شخص کی اکسیر ہے

واہ تیرا جلوہ حیرت ادا
آئینہ عشاق کی تصویر ہے

وجہ توقف اجل جان فزا
قتل مین اغیار کی تاخیر ہے

چھوڑ دی وہ تو بھی مین کیونکر چھوٹوں
کشمکش زلف گرہ گیر ہے

کہیں سے کچھ یہہ کہ دکھاؤں تمہین
فرض کیا آہ مین تاثیر ہے

غیر پہ تیری ہین خدنگ نگاہ
سینہ مین میری خلش تیر ہے

خط کی نہ لکھنی کا لکھوں کیا گلہ
خامہ مدد گر دم تحریر ہے

کیا کہوں احباب کی آہن دلی
پانو مین فولاد کی زنجیر ہے

غیر سے کیون تمسے نباہیگی گر
جرم وفا قابل تعذیر ہے

تمہ سرا کون یاد اگیا
نالہ مین آواز بم و زیر ہے

ہمسے وہ ناحق جو خفا ہوگئے
شیفتہ کچھ اپنی ہی تقصیر ہے

کیا کہ تنگ ہوں اتنی بھی بدگمانی سے
کیا جو در سے مجھی ایسی مہربانی سے

بھی ہے شکر کہ دلکی نظر تو روشن ہے
نظر تو خیرہ ہوئی برق لن ترانی سے

ہزار باتین بنا دلی ہو غیر سے تم
نشان ملنکو ملا گم ہوئی نشانی سے

محبت اس حقگی سے عیان ہی ای گلرو
کہ رنگ لطف ٹپکتا ہی بدگمانی سے

مین سادگی سے بیان کر رہا ہوں درد و صفا دہین
وہ ہونٹھ کاٹتی ہین اپنی نکتہ دانی سے

سوا ہی پیر مغان اور ظرف کسکا ہی
کہ بہرہ ور ہو گدا جام دوستگانی سے

تمنا طلب ہی عجب کاری دل بیتاب
کہ دل گرفتہ ہی لذت دلستانی سے

کسیکی نرگس میگون نی کهودی هین هوش
بهه بیخودی نهین صهبای ارغوانی سی
بهڑک گئی نم شبنم سی اور آتش گل
بهه کیسی اگ هی دونی هوئی جو پانی سی
سیهه هی نصیحت پیران کار افتاده
کریه بلا نهی جوانی وزر و جوانی سے

دہان تو شیفتہ مطلوب ہی خوش افغانی
نہ نکتہ دانی سی کچہ ہو نہ خوش بیانی سی

شب همنی لئی خواب مین زنجیر کی بو بهی
دیکهلی وه مگر زلف گرہگیر کی بو سی
الله ری کافر کی نزاکت کہ اوڑا رنگ
همنی جو لئی رات کو تصویر کی بو سی
اس جرم سی قاتل نی لهو اوسکو حنا پایا
بسمل نی لئی تهی لب شمشیر کی بو سی
مونهه فق ہی مری جانب وه چلی اتی هین گویا
ناله نی لئی شب رخ تاثیر کی بو سی
وه چوستی هین ہاتهه اودہر اودهر مین
سوفار کی لیتا هون جگر چیر کی بو سی
دل نیشتر رشک سی هوتا هی مشبک
زنبور نی اوس هدف تیر کی بو سی
نامہ کو میری یار نی انکهون سی لگا لی
ملجای تو تون نامه تقدیر کی بو سی
کرتا هون جو تعریف مین اوس تنگ دهن کی
لیتی هین میری لب میری تقریر کی بو سی

یون خاک نکر پاؤں اگر اوس لب کی نہ لیتی
ہم شیفتہ اگی فلک پیر کی بو سے

دشمن ہمارا کون نہین تیری واسطی
دیتی ہین زہر چارہ گرین تیری واسطی
انصاف کرکہ چرخ کو کیا مجهسی کام تها
ساری اذیتین مجهی دیتی دین تیری واسطی
افغان و نالہ اشک سی تو ہی جو بیقرار
اپنی سی آپ ہمکو ہی کین تیری واسطی
تو کیا ہم آپ کہتی ہین ہمنی برا کیا
سب کی برائیان جو سہین تیری واسطی

جس لب کی غیر بوسی لین اوس لب سی شیفتہ
کمبخت گالیان بهی سہین تیری واسطی

عشق ذلت ہی تو ذلت ہی سہی | میری ذلت تیری عزت ہی سہی
میری آزار کی تہمت ہی سہی | تمکو الفت ہی تو الفت ہی سہی
نہ لکھو نامہ نہ بھیجو پیغام | عشق کی آپ سی نسبت ہی سہی
ہمکو بھی شوق ہی نظارہ کا | دیکھنی کی تیری عادت ہی سہی
خاک ہونی پہ میری دھیان تو ہی | نہ سہی لطف کدورت ہی سہی
دیکھنا غیر کا موقوف تو ہی | قتل کی میری ندامت ہی سہی
ہمنی بھی طرز صبا سیکھی ہی | تیری لگ چلنی کی خصلت ہی سہی
سب فشانی کا نہین ہی جو دماغ | ایک جہوٹی سی حکایت ہی سہی
ناشکیبی کی دعا مانگین گے | صبر کی ہمکو ضرورت ہی سہی
ہجر تو جای جو ہو جای وصال | وصل ممکن نہین فرقت ہی سہی
ازدحام غم و رشک و حرمان | پہر بہی فرصت ہی تو فرصت ہی سہی
بخت ناساز کا ہون شکوہ سرا | اونکی پردہ مین شکایت ہی سہی
کبہی اغیار سی ملنا موقوف | مجکو الفت نہین غیرت ہی سہی
وصل اغیار سی لی وجہ نہین | میری مرجانیکی عبرت ہی سہی
دعوی الفت و بیتابی حیف | گر اذیت ہی اذیت ہی سہی

میری خاطر سی ہو لو شگفتہ دہان
غیر اونسی تمہین نفرت ہی سہی

جہہ تازہ گرفتار کی فریاد رس کی | جان اوڑ گئی بس کہنہ اسیران قفس کی
پہر شکل نظر آئی مجہی دام و قفس کی | پہر دل نی میری طرہ خوش خم کی ہوس کی
ہی رحم تو اوس نجد و دو بیتاب پہ لیلی | جوانہی ہی نالہ کو بھی بانگ جرس کی
نیرنگ ہی کیا سبزہ خط شمع رخو نکی | یعنی ہی منافات بہم شعلہ و خس کی

غیروں نے بھی اوس سے بات نکر لی دو دن میں لیکن
یہہ بات نہیں ہے میری ہمدم میری بس کی

خود چاک کروں جامۂ اعدا کو نہیں چاک
جیبیں ہی کہ کوں دیجیاں ارباب ہوس کی

ای شگفتہ اس فن میں ہوں اک پیر طریقت
گو عمر ہی میری ابھی اکیس برس کی

دست عدو سے شب جو وہ ساغر لیا لیے
کن حسرتوں سے خون ہم اپنا پیا گئے

شکر ستم نے اور بھی پابوس کر دیا
اس بات کا وہ غیر سے شکوہ کیا گئے

کب دل کی چاک کرنے کی وحشت ہمیں ملی
ناصح ہمیشہ چاک گریبان سیا گئے

تشبیہ دیتے ہیں لب جانبخش یار سے
ہم مرتے مرتے نام مسیحا لیا گئے

ذکر وصال غیر و شب ماہ و بادہ سے
ایسی لگی گئی ہمیں طعنے دیا گئے

تھی لحظہ لحظہ ہجر میں اک مرگ تو نصیب
ہر دم خیال لب سے تیری ہم جیا گئے

طرز سخن کہی وہ مسلم ہے شگفتہ
دعوی زبان سے نکلی بینی یا گئی

اوسکا دل گر میری جلنے سے پگھل جاتا ہے
بل ابھی شمع کی رشتہ کا نکل جاتا ہے

رشک سے رنگ میں تغیر جو پایا تو کہا
تجھسے ڈرتا ہوں کہ تو دم میں بدل جاتا ہے

ہیچکر کسکو بلاؤں شب غم میں کہ کوئی
لا کہہ خاطر ہو یہ کب سوی اجل جاتا ہے

صدقے اس خوش سحر کا کہ کی سحر جسکو
شب کو سوتے میں مجھے عطر وہ ملجاتا ہے

میں تو وہ گرم رو راہ طلب ہوں کہ اگر
وہاں بلا تو لب بام ابھی پھل جاتا ہے

ہجر میں وصل اجل کا کوئی جاتا ہے خیال
چارہ گر جان ہی لیکر یہہ خلل جاتا ہے

ہنستے ہنستے جو رکاوٹ تیری یاد آتی ہے
اشک گرتے ہوئے آنکھوں سے سنبھل جاتا ہے

شگفتہ لیکے ہوں میں سرو قد و لکا شتہ
نخل جو گور پہ اوگتا ہے سو جل جاتا ہے

گلے پر تیرے نے دشمن کے وہ شمشیر بھر لی ہے
نہ ہاں تدبیر چلتی ہے نہ واں تقدیر بھر لی ہے

تیرے جو گرد ہجراں نے تجھکو دیکھکر کھایا
کہ میری آنکھ کی آگے تیری تصویر بھرتی ہے

نکلنا عمر کی گھر کا ارادہ تھا کہ مدت سے
تجسس میں فغاں شوق کی تاثیر بھرتی ہے

نہیں نخچیر تیرے صید گہ میں اے شکار افگن
شکل آرزو ہی خاطر نخچیر بھر لی ہے

تیرے گھر سے میرے گھر کا ہے دشمن قصد اے
تیری تقدیر بھرتی ہے میری تقدیر بھر لی ہے

گھٹا چھائی ہے لالہ کھل رہا ہے صبح ہی سے
عنان عزم کیوں گلشن سے لی تاخیر بھرتی

نگاہ دلربائی یار طبع بوالہوس دیکھی
کہ آپ ہی آپ لی تقریب ولی تقصیر بھر لی ہے

نرالی سب سے ہے اپنی روش اے شیفتہ لیکن
کبھی لیں ہوائے شیوہ ہائے میر بھرتی ہے

ادھر مائل کہاں وہ مہ جبیں ہے
فلک کو مجھسے کیوں پر خاش و کیں ہے

دکھایا اپنی بسمل کا تماشا
قریب اگر وہ کتنا دور بیں ہے

یہ اچھا ہے تو اچھا غیر کو ہے
ستاؤ اور پوچھو کیوں غمیں ہے

یہ صورت دکھائی کیا تمنا
کہ عاشق جسکی میں پردہ نشیں ہے

یہ مجھسے شکوہ ہے اللہ رے شوخی
کہ میری غم سے تو اندوہگیں ہے

یہ کیسا تفرقہ ہجراں نے ڈالا
کہیں کیا ہم کہیں ہیں دل کہیں ہے

نپوچھو شیفتہ کا حال صاحب
یہ حالت ہے کہ اپنے میں نہیں ہے

لطف اوروں پہ ہے ہمکو ستم ہی بس ہے
لیکن وہ بھی ہمیشہ کوئی دم ہی بس ہے

بزم دنیا میں ہے دو شخص کو کب عیش نصیب
سو تجھی کو ہے مجھکو تو یہ غم ہی بس ہے

دسترس بوسہ پا کی جو نہیں ہے سے
اپنی سجدے کی لئے نقش قدم ہی بس ہے

سجدہ دوست ہوا عشق کا حصہ لیجئے
اہل دل کو نکی لئے دیر و حرم ہی بس ہے

غیر پر چاہیی ای چرخ بھی کرنا جور
مجھی ناکام کو تو بخت دژم ہی بس ہی

دولتِ وصل سی کیا کام ہوسناکوں کو
نارِ خسرو کی لئی خیل و حشم ہی بس ہی

کی تمنای کرم میں نی تو نادانی ہی
شیفتہ تیری لئی جور و ستم ہی بس ہی

سجدی کی کسی در پہ تمنا نہیں رکھتے
گردن یہ سزا صفحہ فرسا نہیں رکھتی

اس کو چمن ای نکہت گل جلوہ عبث ہی
ہم کچھ ہوس سیر و تماشا نہیں رکھتی

ہر چند کہ ہی آپ سی ملنی کی تمنا
پر آپ سی ملنی کی تمنا نہیں رکھتی

دشوار نہیں رفع حجاب آپ سی لیکن
مطبوع ہم انداز زلیخا نہیں رکھتی

یوں چارہ گری غیر کی ہوتی ہی کہ گویا
ہم جان حزیں و دل شیدا نہیں رکھتی

مطلب ہی جو معشوق سی تا صبح کہیں اور
ہم دیدہ بینا و دل دانا نہیں رکھتی

کس لطف سی وہ لطف سی فارغ ہیں کہ عشاق
تاب گلۂ حوصلہ فرسا نہیں رکھتی

دشمن سی ملاقات کی ٹھہری ہی کہ ہو تجھ بہ
وہ سر پہ پرندہ گہر آما نہیں رکھتی

ای شیفتہ ہم جب سی کہ آئی ہیں حرم سی
شوق صنم و خواہش صہبا نہیں رکھتی

خندہ زن ہیں دوست میری دیدۂ پر آب سی
بخت دشمن کو جگائیں میری بی خوابی سی

وصل کی شب میں نہ بولیں تو ہم واقف ہوئی
شعلہ خس ہی نہایت دیرپا مہتاب سی

میں لہو روتا ہوں حق اونکا دامن دیکھکر
اونکا دامن بھر گیا ہی میری ہی خونناب سی

میں وہ مسکیں ہوں اگر مجھکو بھی ہو جاوی [کبھی]
ہوش آتا ہی مجھی لوئی شراب ناب سی

گرم خو دیکھا تو کرتی ہیں سب کو بیقرار
دلکو راحت ہوگئی بیتابی سیماب سی

جسکو سمجھا آشنا نکلا غرض کا آشنا
دل ہی افسردہ نہایت گرمی احباب سی

ضد تو دیکھو تشنہ کام شوق مجھکو جان کر
قتل کرتا ہی ستمگر خنجر بی آب سی

فرش مخمل پر بہی وہ بیخواب دشمن کا ہین
رونگٹی میری کہڑی ہوتی ہین نام خواب سی

کہل گئی زلف خم بخم پہر لگیگی تاب و قرار
شیفتہ پہر کچہہ نظر آتی ہو تم بیتاب سی

رقیب بوالہوس کا موںہہ ہی لطف جور کو دیکھی
وہ اپنی وضع کو دیکھی ہمارے طور کو دیکھی

پریوش ہی ہین شیدائی کی شیدا ہو تو دیکہو
بہلا کب دیکھہ سکتی ہین کہ عاشق اور کو دیکھی

نظر سی فتنہ کی گردش سی گردون کی بچاوہ
جو چشم مست کو ساقی کی می کی دور کو دیکھی

صفائی غیر سی کیجی تکدر مین نہین کچہی
کوئی کیا خاک خوش ہو جب کسی طور کو دیکھی

ستم سی شیفتہ اب سطح مانوس کر لی ہین
وہ اپنی تاب کو دیکھی ہماری جور کو دیکھی

پہر نصیحت کی کس کو تاب رہے
جو بہی دلکو اضطراب رہے

جب خطائی نکردہ ثابت ہو
عقل کیا پہر سر صواب رہے

بی نگاہ کام کر چکی اپنا
دختر رز تہ نقاب رہے

ل گیا دوست منتخب پہر کیون
شعر کا شوق انتخاب رہے

واہ مزدی وہ میکشی کہ یہان
عمر بہر عالم شباب رہے

جب پری لذت ہم آغوشی
پہر بغل کہان کتاب رہے

تا نہ غافل ہو انجمن ساقی
دور مین ساغر حباب رہے

بزم دشمن کا عزم تہا سو فوف
شہوری دیر اور گر سحاب رہے

ہی برائی مین خوف بدمستی
کہ جوانی مین کم خراب رہے

شیفتہ کوئی حال وارد ہو
پر معارف سی اجتناب رہے

سونہہ بنائی ہوئی اوس کو گذر کرتا ہی
ابتو لو غیر بہی ولین میری گہر کرتا ہی

ذبح اوسکو بہی موذن ہی مگر کرتا ہی / کیون شب وصل مین غل مرغ سحر کرتا ہی
یاد مین اوس قفس زندان کی ہوا جاتا ہون / کار الماس مری حلقین گہر کرتا ہی
اوسکی ناوک کی توجہہ پہ مری جان نثار / ناتہہ سی چہوٹتی ہی قصد جگر کرتا ہی
گر نہین یہہ کہ برتتا ہی وہ طاہر داری / کیون لگاوہ غلط انداز ادہر کرتا ہی
دل مضطر کی رہائی مین نظر رکہتا ہی / جو تری طرۂ خوش خم پہ نظر کرتا ہی
دیکہئی آہ ہماری بہی اثر کرتی ہی / سخن درد وہ سنتا ہی کہ اثر کرتا ہی
ایکدن شام ہماری بہی سحر کرو لگا / وہی جو شام کو ہر روز سحر کرتا ہی
ولکی بگڑی ہوئی جاتی ہین مگر مرغ چمن / آج کچہہ نالہ بالحان دگر کرتا ہی
آج پہر ماتم یوسف ہی ہر ایک کوچہ مین / کاروان مصر کو کنعان سی سفر کرتا ہی
بدگمان آپ غلط محرم اسرار سی ہین / دل ہمین راز نہانی کی خبر کرتا ہی
جان کہوتی ہو جسی بد نظر مثل حباب / وہی مشتاق فنا چشم کو تر کرتا ہی

شیفتہ جسکو نہین عشق وہ اپنی نزدیک
کیا بری طرحسی دنیا مین بسر کرتا ہی

عشق کی میری جو شہرت ہو گئی / یار سی مجکو ندامت ہو گئی
خاک عرض مدعا اوس سی کرون / جسکو باتو نمین کدورت ہو گئی
یہان لسی جانیکو ہین وہ آج کہین / کیا بلا ای ابر رحمت ہو گئی
اب ستم اغیار پر کرنی لگی / میری مرجانیکی عبرت ہو گئی
جلوۂ معنی نظر آنی لگا / بیتی بیتی ہی یہہ صورت ہو گئی
انکی باتین اوسنی بہی چپ کر سنین / آج ناصح کو نصیحت ہو گئی
منع وصل غیر پر سنکر کہا / یاری اب تکو بہی غیرت ہو گئی
بوی گل اوس گل کی بو کی روبرو / فی الحقیقت بی حقیقت ہو گئی

بس نفرماتی پھر وہ یہہ شیفتہ
گر اونہیں ہمسی محبت ہو گئی

وہ جو اوٹھی جان رخصت ہو گئی
شیفتہ یہہ کیا قیامت ہو گئی

بوی یار اوس بزم مین آئی مجھی
جب مجھی ساقی سی الفت ہو گئی

جلوہ بیہدہیب مانع نظارہ ہے
وصل مین تاثیر فرقت ہو گئی

نغمہ دمی سی مجھی کیا کام تھا
اونکی صحبت مین یہہ آفت ہو گئی

بی سخن نسبت مع اللہ سی اوسی
قدم سی جسکو کہ نسبت ہو گئی

اب رقیب بوالہوس ہین عشقباز
دل لگانی سی بہی نفرت ہو گئی

سچ کہو لگا گو ہین دونو آشنا
بیشک اونسی سہو و غفلت ہو گئی

عشق سی کیا کیا خرابی پڑ گئی
عقل سی کیا کیا حماقت ہو گئی

شیفتہ ایک رند مشرب شخص ہی
کس سی لوگونکو عقیدت ہو گئی

ملنے کا سیرھی اور تیری چرچا نکرینگے
گر دوست ہین اغیار تو رسوا نکرینگے

بی عذر وہ کر لیتی ہین وعدہ یہہ سمجھکر
یہہ اہل مروت ہین تقاضا نکرینگے

کب اہل خرابات کو لی راز کہین گی
جبتک کہ نہ ہمسی ہین بیگانہ کرینگے

سونچا ہون مین مرنیکی قریب آئی ہین دیکھو
وہ دور مین اب پاس عدو کا نکرینگے

جاتی ہو اگر غیر کی گہر ضد سی ہماری
ہم آپ کی آنیکی تمنا نہ کرینگے

مسجد مین بہی آتا ہی خیال خم ابرو
ہم راست بیانی مین محابا نکرینگے

وہ مجھسی نہ بولین کبھی یہہ بات ہو گی
وہ غیر سی باتین کرین ایسا نکرینگے

ایسی حور لقا کیون نہ تمنا ہی جنان ہو
کیا وان تیری ملنی کا ارادہ نکرینگے

ہم آپ نہ بخشش مین تو غش آیا یہہ سخن کیا
تم آپ سی جاتی ہو ہم آیا نکرینگے

ہرگز بھی نہین خاطر جانان مین سمانا
ای شیفتہ ہم دعوی بیجا نکرینگی

کیون نہ مجھکو مرض یاس کی شدت ہو جائے
ملک الموت بھی جب بہر عیادت ہو جائے

گریہ غیر سے وہ بہر عیادت ہو جائی
اشک شادی سے بہہ کاش اشک ندامت ہو جائے

رنج ہے عشق کی نسبت سے ہوا شادی مرگ
گیا اوسکو بھی کر مجھسے محبت ہو جائے

اور گر کچھ نہ ہوا ہان اجل تو کھینچون
کاش اتنی ہی مجھے ہجر مین طاقت ہو جائے

ہم جان وہ ہون وہان قتل کا آئی جو خیال
تو یہان اوس سے کہین پہلے فراغت ہو جائے

سانس بھی کل تو نہ تھی آج نکلتی ہے آہ
مجھکو ڈر ہے کہین پھر مجھکو نہ مہلت ہو جائے

ناصحو منع کرو جب تو یقینی ہانو ن
تمکو بھی گر کسی بیدرد سے الفت ہو جائے

یا کی مشرف مجھے مرنے پہ بڑی علتی ہین
ہے برا لطف اگر اب مجھے صحت ہو جائے

شیفتہ ایسی اور اہل کدورت کی خاک
دیکھکر شیشہ ساعت کو بھی عبرت ہو جائی

ہے ستم واقف ہو میری حال کی تقریر سے
بوالہوس کہتے ہو پھر اک آہ بے تاثیر سے

عشق مین اک صید افگن کی ہے جو شش جنون
فصد میری کھولتا جراح نوک تیر سے

چاہتے اغیار کو بھی اپنی منہ پر کچھ ملین
جائے ثابت ہوتی ہے وہان رنگ کی تغیر سے

مر رہا ہون درد فرقت مین نہین دیتا کوئی
ہیچ اگر پوچھو تو سم بھی کم نہین اکسیر سے

ہاتھ مین دیکھا جو میری نبض جان ہونے لگی
دشت دشمن کم نہین کچھ قبضہ شمشیر سے

عشق کا سودا نہین جاتا ہے بعد از مرگ بھی
دیکھ تو وحشت ہے طایر نقش کی تصویر سے

کیا غضب ہین وہ بھی اثر ہوا یا عدو سے میرا خط
تھے جو آگاہ شکایت کی اونہین تحریر سے

وصل مین روتی تو شاید کچھ اثر ہوتا اوسی
کیا شب غم مین حصول اشکون کی تاثیر سے

تنگ مہمانی دشمن بھی کیا ہمنے قبول

شگفتہ لیکن نہ آئی وہ کسی تدبیر سی

کیا ذکر اوسکی آگی ہیری آہ کا چلی
جس گل کی شمع بزم سی بچکر صبا چلی

یون لیجئے دیج چہور تیر بہتا ہوا چلی
قربان ایسی آنکی کیا آئی کیا چلی

ناصح تیری زبان تیری انکی مین جب تہو
انصاف کر کہ دل پہ میرا زور کیا چلی

محروم ہون رقیب بہی جلوسی یار کی
بجہہ جاتی شمع بزم مین ایسی ہوا چلی

اللہ کیا غرور ہی تمکو کہ بزم سی
ہم کتنی جلد اوٹہی پہ نہ اتنا کہا چلی

یہہ شوق وصل ہی کہ اگر پانو ٹوٹ جائین
اوسکی گلی کی سمت بہ نقش پا چلی

مانا کہ جلد آوگی پر اسکا کیا علاج
پہلو سی اوٹہتی ہی جو میرا جی بہا چلی

کیون روکتا ہی اسمین ضرر کیا ہی سارباں
دیوانہ ایک گرلیس محمل لگا چلی

افسوس اوسنی کچھہ نہ کہا سنکی حال دل
ہم قصہ خوان کی طرح فسانہ سنا چلی

دیکہا جو نزع مین مجہی کچہہ رحم آگیا
گو زہر دینی آئی تہی شربت پلا چلی

وعدہ عدو کا آپ کی تکرار نی کہلا
بیٹہی تو نہین کہا تہا کہ کیا آئی کیا چلی

یہہ غم اگر نہین کہ نہ آیا وہ بیوفا
روتی ہی میری جنازہ پہ کیون اقربا چلی

وہ گل کہین ہی جو جاتی تو کیونکر ملی سراغ
مانند گرد جسکی جلو مین صبا چلی

گرمی کی عذر سی اوہ نہین جانیکا قصد ہی
ای آہ سرد رحم کہ ٹہنڈی ہوا چلی

کیسا ہی غم رسیدہ ہو یہان آکی شاد ہو
اک ہم تمہاری پاس خوشی آئی خفا چلی

تہی کب سی مرگ وحسرت دیدار دم بخود
وہ آکی ایک لمحہ مین جہگڑا اٹہا چلی

جلدی ہی کیا ٹہکانہ ہی پیدا کرین کہین
آخر تیری گلی سی تو ای بیوفا چلی

کیا پیش آئی دیکہئی وہان جاکی دوستو
کہدو کہ پیچہی پیچہی ہیری رہنما چلی

ای جان لب پہ آگئی ٹہر لی سی فائدہ
رہنا ہو اور تنگ تو جلتا ہوا چلی

کشمکش سی سینہ تنگ تنگی کچھہ یہہ بہی دہیان تہا

باتین تو اب شیفتہ اُونسی بنا چلی

ظالم کبھی تو داد دل و چشم تر ملی
سینہ سی سینہ اور نظر سی نظر ملی

بیصرفہ ہی مشقت تحریر و صرف زر
رستہ ہی مین ہمیشہ ہمین نامہ بر ملی

ہی دشمنو نسی اونکو ملاقات ابرو گشت
ملتی ہین ہمسی ایسی کہ خس سی شرر ملی

کیا پوچھتی ہو لطف کرون تجہہ کسقدر
از بس غرور و ناز تمہین جسقدر ملی

ہم خوب جانتی ہین تمہاری نگاہ کو
غیرونسی لڑکی ہمسی ہی تم بیشتر ملی

نیرنگ عشق دیکھہ کہ منظور ہی اونہین
گلگونہ مین چکیدہ مژگان تر ملی

محفل طراز یونکی فرش سب دکہاونگا
وہ اتفاق سی کہین تنہا اگر ملی

اب ہی اونہین تلاش چاہی تو فائدہ
وہ وقت ہی گیا کہ ہمارا اثر ملی

کہاں تلاش کوئیہ جانان مین سو خضر
سبزہ جہان ملا ہمین یہ سمجہا خضر ملی

ظالم ستم نکین مین نکر دریغ
آخر ذرا تو لذت زخم جگر ملی

وہ شیفتہ کہ دھوم ہی حضرت کی زہد کی
مین کیا کہون کہ رات مجھی کسکی گھر ملی

ابر دریوزہ گر آب ہی اکثر ہمسی
برق بہی مانگ کی لیجاتی ہی اخگر ہمسی

صلح کل اپنی تو رات مین ہمیعنی ہی
وہ ہوئی صاف تو ہی غیر مکدر ہمسی

ناصحو سارے نصیحت حسد و رشک سی ہی
ترک ہوتا ہی کوئی عیش مقدر ہمسی

گردن غیر پہ چلتی نہین دیکھا ہرگز
پیار رکھتی ہین مگر دشنہ و خنجر ہمسی

شیفتہ سادہ بیانی ہی ہمین جچکایا
ورنہ صنعت مین بہت لوگ ہین بہتر ہمسی

دل لیا جسنے بیوفائی سے کے
رسم ہی کیا یہہ دلربائی سے کے

تذکرہ صلح غیر کا تمہ نکرو
بات اچھی نہین لڑائی سے کے

تمکو اذیت ہے گرفتار سے
یہان توقع نہین رہائی کے

وصل مین کسطرح ہون شادی مرگ
مجکو طاقت نہین جدائی کے

دل نہ دینی کا ہمکو دعوی ہے
کسکو ہی لاف دلربائی کے

ایکدن تیری گہر مین آنا ہی
بخت و طالع نی گر رسائی کے

دل لگایا تو ناصحون کو کیا
بات جو اپنی جیمین آئی کے

شیفتہ وہ کہ جسنی ساری عمر
دینداری و پارسائی کے

آخر کار می پرست ہوا
شان ہی اوسکی کبریائی کے

اپنی شوخی کی بھی خبر کچھ ہے
زلزلا آسمان پر کچھ ہے

زاری شب کی زہر تو دیکھی
تجھہ مین بھی دم دم سحر کچھ ہے

راز پوشیدہ پوچھی کس سی
بی خبری جسی خبر کچھ ہے

نالہ سنتی نہین تو بات سنو
خوب با تو نین بھی اثر کچھ ہے

عشق کی اب کہان وہ ہنگامی
درد دل سوزش جگر کچھ ہے

حسن کیا عرض جلوہ کرتا ہے
شہر مین شور الحذر کچھ ہے

اوسکی نیرنگ سی ٹپکتا ہے
کہ عدم سی بیشتر کچھ ہے

کھولی باتین ہین اور پہلو دار
ہان تری دل مین سرّ کچھ ہے

عشق مین ساری خوبیان ہین جمع
اک مگر جان کا ضرر کچھ ہے

رم بہت انس کم ہی طینت مین
وہ بہت ہی پری بشر کچھ ہے

دوست یون ان لگا دیر ہتی ہین
کہ ہبر ہی سمت اوس نظر کچھ ہے

برق ہی روزگار خندۂ گل
تازیہ فرصت اسقدر کچھ ہے

شیفتہ بہی ہی مجمع اضداد

کچهه نه سمجهی کی نه کچهه سمجهے

نازکی کیا ہو ہی کیون غش نہین کیا صورت ہے
آئینه دیکھنی سی اوسکی مجھی حیرت ہی

غیر تو طعنه زنی گو کہ مجھی فرقت ہی
کوہکن کیا کہین خسرو سی بھی بی غیرت ہے

عشق سی اور بڑہی ہای قساوت دلمین
غیر کو رنج ہوا ہی تو ہمین راحت ہی

کچهه کی بات نہین وعدہ تسلی کیا ہو
وہی حرمان وہی یاس وہی حسرت ہی

مجهسی آزردہ ہو کیون مین ہی تو کشتہ ہون تیرے
تم بلو غیر سی ممکن سی یہه سب تہمت ہی

گر عیادت کو عدو کو بہی لئی آئین تو خوب
کہ مرا رشک سی مرنا سبب عزت ہی

غیر کو یاد رہی تیری محبت ہی نہین
اور اگر ہی تو تیری محو سی کیون نفرت ہی

ای عدو کسلئی نازان ہی سمجهه تو آخر
جس سی ہم خوار ہوئی ہین یہه وہی عزت ہی

چشم سی اشک روان لب په ہی آه سوزان
شیفته کسکی لئی آپ کی یہه حالت ہی

آؤ ملجائین لڑائی ہو چکے
اکید ہم صبر آزمائی ہو چکے

ایک حالت پر نہین رہتا کوئی
اب وفا ہو بیوفائی ہو چکے

ہم سبک ہوتی ہین اپنی ہاتهه سی
جو ہین وہ بگڑی لڑائی ہو چکے

ضعف سی ہی اب ہین آنا محال
اوسکی کوچه تک رسائی ہو چکے

ایکی جس صورت سی ہو ملجائیی
غیر کہتی ہین صفائی ہو چکے

شیفته ہیان عشق یہه وہان حسن وہ
دونو عاجز پارسائی ہو چکے

زہر سی الماس سی تلوار سے
مجکو الفت ہی انہین دو چار سی

پہچلین تهوڑا اتک بہی دشت مین
آبلی پہوٹین گی آخر خار سی

نعش اوٹها لیکا ہی اب سامان کرین
چارہ گر تشبیہ مین کہون نا چار سی

ذکر وصل غیر کر بیٹھی مباد
کیا ملین ہم محرم اسرار سے

پھر تو فا ہو وین اجل کی آ سے چلے
بچ گئی ہم گر غم دلدار سے

کاٹ کر سر خط کی جا بھیجا اونسے
کام خامہ کا لیا تلوار سے

جب بہار اشک سی جی بھر گیا
بزم خالی ہو گئی اغیار سے

جو گلہ سمجھی تھی نکلا شکر ہای
کی شکایت ہمنی کس عیار سے

واہ ہنتو دیکھ کر مر جائین اور
زندہ ہون مردی تیری رفتار سے

وسم اسایش سی وحشت ہو گئی
اوس پری کی سایۂ دیوار سے

پھر بلا سی کوئی بھی گلشیفتہ
اوٹھ گئی جب آپ کوئی یار سی

لطف ظاہر ہی میری آزار سے
اوشتی ہی مدعا بیکار سے

فیض یاب نور آئین شبد حسن
مہر اوسکی پرتو رخسار سے

ساقیا بنت العنب وہ لاکھ ہو
دلربا ترسا بد بازار سے

غیر کو سمجہا بنایا یار نے
ہی تعجب چرخ کجرفتار سے

جی اوٹھی فرہاد اگر شیرین کہی
کیون صدا آتی ہین کہسار سی

کیا کہون جو ہر شناسی یار کے
مجکو مارا تیغ جوہردار سے

بلبل شوریدہ بیتاب مست
اوسکی کوچہ کو چلی گلزار سے

ہمکناری کی ہوس تھی وقت قتل
ہم لپٹ کر رہ گئی تلوار سے

ہای جوش بیخودی ہای جنون
راز الفت کہدیا اغیار سے

واہ ہوش اس بدنامی کہ ہی
فکر اخفا محرم اسرار سے

جلد کیو لو شیفتہ آغوش شوق
یہہ صدا آئی لب سوفار سے

ترک ہونا یار اور اغیار سے — قطع ہونا ربط گل ہے خار سے

کا مجوئی اور دعویٰ عشق کا — یار ہی پہان مدعا ہے یار سے

ہے ضرورت غیر کو دافع ہیں آج — آپ اوٹھاتے ہیں کیوں اصرار سے

آہ و زاری شکوہ حسن سے — جیسی رونق باغ کی اشجار سے

خبر دل شوریدہ لذت کون اوٹھائے — عندلیب مست کی گفتار سے

دیکھ لینگی ہم بھی گر اغیار کو — آپ لی جہانکا سر دیوار سے

فصد کی قابل دل بیمار ہے — چارہ جو ہی نرگس بیمار سے

اپنا لوٹا گھر بہت مرغوب ہے — بارگاہ ثابت و سیار سے

دیدنی ہے وہ جگہ جو ہے الگ — سات جنگل اور لو بازار سے

شیوہ ہائے برق خاطف شیفتہ
جلوہ گر ہیں اوسکی شوخ اطوار سے

کچھ بات راز کی ہے ذرا پاس آئیے — جہیں ہے آج خوب عدو کو بنائیے

بلبل نزار ہیں آتش دل یوں بجہائیے — گل کر کے شمع شمع کے قربان جائیے

رونا ہوا ہے اشک ندامت کہ نسکی وہ — کہتے ہیں اور بھی کوئی دریا بہائیے

بوسہ ہنسی ہنسی میں جو کل لے لیا تو پہر — کہنے لگے بھلا تمہیں کیا مونہہ لگائیے

سو بار انجمن سے اوٹھاؤ ہم آئینگی — اب ہنس گئے کہ ناز تمہاری اوٹھائیے

آتا ہے رحم ناز کی گردش یار پر — اے وائے کیونکہ حال دل اوسکو سنائیے

تدبیر صلح خوب ہے ہیں آئیے بات تو — جہیں ہے آج غیر سے آنکہیں لڑائیے

گذرا ہیں اعتماد محبت کی فخر سے — مجکو رقیب سمجھے ہے اب آئیے

ایک نیمناز لب سے ہماری ہلاک کو — کچھ ہی کھینچے دیکھ کے لب مسکرائیے

دشنام و لغمہ اسیلئے ہمیں بحث کچھ نہیں — سنتے ہیں آج آپ ہمیں کچھ سنائیے

واعظ کی قول خوب ہین رندون کی فعل خوب — وہ اوس سی سیکھہ لیجی یہہ اوسکو سکھاتی ہی
ہی محو نقش کہنہ کہان جای نقش نو — سر نقش دل سی نقش تمنا مٹاتی ہی

ہرچند سیر کی ہی بہت تمنی شیفتہ
پر میکدہ مین بہی کبہی تشریف لاتی ہی

لب مین اگر نہین تو ہماری سخن مین ہی — جو خاصیت کہ اوس لب اعجاز فن مین ہی
یا مرسل الریاح ادہر کو بہی بہیجدے — وہ بوی خوش کہ جیب نسیم یمن مین ہی
دیتی ہین چشم روشنی چشم رو شنے — آید نسیم مصر کی بیت الحزن مین ہی
بیرنگ نوبہار ہی عشوہ طلسم کا — کیا عندلیب دام فریب چمن مین ہی
پیران کہنہ ننگ ہی اطفال خوردسال — کیفیت عجب میری دیوانہ پن مین ہی
الماس لیکی آئینگی دیتی ہین بہہ تو ید — لذت لی کچہہ آج جو زخم کہن مین ہی
وہ آہوی رسیدہ کہ ہم جسکی صید ہین — نی وادی تتار نہ دشت ختن مین ہی
شیوہ تمام غنچہ ناشگفتہ کا ہنوز — بند قبای شاہد گل پیرہن مین ہی
کیا غیر پر بہی شعلہ برق غضب پڑا — ٹہنڈک سی آج کچہہ میری دل کی جلن مین ہی
کیا کیا پہنسا رہی ہی ہمین دام سنگ مین — آشفتگی کہ زلف شکن در شکن مین ہی
شیرین سی بہرہ ور ہوا ایسی شوق پر — کیا سطوت رقیب دل کوہکن مین ہی

خلوت مین شیفتہ ہی کوئی ملکی کیا کری
وہ شخص انجمن مین ہی اور انجمن مین ہی

ہوا نہ تذ نظر چشم یار کی بدلے — ہزار رنگ یہان روزگار کی بدلے
صبا کو بہائی جو محفل کی تیری رنگینی — چمن کو داغ دئی لالہ زار کی بدلے
کیا ارادہ اگر سیر باغ کا تمنی — قیامت آئیگی ابر بہار کی بدلے
خلاف عہد ہی شیوہ تو کیا قباحت ہی — ستم کا عہد وفا کی قرار کی بدلے

عجب ہی شہر دلی ہی شگفتہ ہر گز
ہین روم و شام نمون اُس دیار کی بدلے

تیری خوشی کا اونکو نہایت خیال ہی
کچھ اندنون غیر سی شاید ملال ہی

ہی کچھ نہ شستی ہین رشک سی لبریز داغ داغ
نام خدا یہ گرمی حسن و جمال ہی

نی تاب وصل غیر نہ ہی روی منع ہجر
تقدیر سی معارضہ کی کیا مجال ہی

قصد جواب ہو بہی تو کیا خاک دین جواب
بے صرفہ متصل یہ ہجوم سوال ہی

ممکن نہین وہ برق نگہہ غیر پر پڑی
خیر طور اور پر یہ تجلی محال ہی

کچھ میری عشق مین تمہین شک ہو تو سامنی
دیوان خواجہ حافظ فرخندہ فال ہی

ہمنی کیا جہا لیسی گذر کر جہان مقام
وہان وسعت سپہر و زمین پایمال ہی

ہی شانہ کش جراحت پرتاب مین بوالہوس
ذکر وصال عاشق آشفتہ حال ہی

کچھ آج شگفتہ سی ہی بہت مضطرب مگر
جانیکا اوسکی غیر کی گہر احتمال ہی

ایام ہجر مین جو اجل کا خیال ہے
بسکہ دماغ مین اثر اختلال ہے

خوش تھی کہ خوبہا ہی نظر یہ خبر نہ تھی
کیسی جفا مین خون ہمارا حلال ہے

اونکی خلاف وعدہ سی مین شرمسار ہون
کیونکر کہ مجہسی اونہین انفعال ہے

کیا نسترن ہو تم کہ یہ پیاری شمیم ہی
کیا برگ گل ہو تم کہ یہ زیبا جمال ہے

ساقی کو میکدہ مین سر ناؤ نوش ہی
صوفی کو خانقاہ مین سر وجد و حال ہے

عاشق کو اضطراب ہی عجز و نیاز ہی
معشوق کو غرور ہی غنج و دلال ہے

منظور ہی حکیم کو ہر شی کی معرفت
حالانکہ اپنی معرفت اوسکو محال ہے

ہر کام فلسفی کا سفاہت کی ساتھ ہی
ہر بات منطقی کی مرا و جدال ہے

ارباب حکمت نظری کو عمل نہین
اہل کلام کو ہوس قیل و قال ہے

جنکو کہ دستگاہ ہی فن نجوم مین
عمر اونکی صرف زائچہ ماہ و سال ہی

رہتی ہین بعض در پی اسراف رات دن
بعضونکو روز و شب سر توفیر مال ہی

بعضونکو ہی مذاق مین فخر نسب لذیذ
بعضونکو ذوق دعوی فضل و کمال ہی

مفلس کو فکر ہی کہ کہین سب سی کچھ ملی
منعم غریق لجۂ بیم زوال ہی

جو ہین حریص سیر چمن اونکو بزم مین
ذکر شجر کبھی کبھی فکر نہال ہی

ہی مین کسیکی خواہش آرائش لباس
دل مین کسیکی حسرت جاہ و جلال ہی

کوئی طلب مین اشہب گلگون نظر کی
کوئی اسیر شوق شکار غزال ہی

کوئی فدای قامت آفت خرام ہی
کوئی خراب نرگس جادو مثال ہی

ناحق کسیکو شکر کسیکو شکایتین
بیوجہ کوئی خوش ہی کسیکو ملال ہی

کسواسطی ہم آئی ہین دنیا مین شیفتہ
اسکا جو دیکھیی تو بہت کم خیال ہی

تری خوبیان غیر کیا جانتا ہی
تو جیسا ہی بس جی مرا جانتا ہی

ہوا انس کیون دلکو اول نظر مین
کہ وہ مجکو زود آشنا جانتا ہی

تظلم سی ہوتی ہی بیداد افزون
شکایت کو شکر جفا جانتا ہی

گرفتاری غیر کا ذکر مجھسی
مجھی کسقدر مبتلا جانتا ہی

مجھی افعی زلف نی کاٹ کھایا
کوئی شخص اسکی دوا جانتا ہی

وہ گل میری رونی سی ہوتا ہی خرم
کہ اپنا وہ نشو و نما جانتا ہی

ستمگر کبھی سی برا مانتا کیون
ستم کو اگر وہ بھلا جانتا ہی

کبھی غیر پر جور ہوتی نہ دیکھا
مجھی کو بس اک آزما جانتا ہی

یہہ دہوکا کہا تھا کہ کم عمر سی وہ
ابھی شیوۂ ناز کیا جانتا ہی

تامل نکر قتل مین میری ہرگز
کہ عاشق کا تو خونبہا جانتا ہی

حذر مے سے واجب ہوا شیفتہ اب
مجھے یار بھی پارسا جانتا ہے

فقط یار جور و جفا جانتا ہے
یہی جانتا ہے تو کیا جانتا ہے

جو بیگانہ جانے مجھے خلق کیا غم
اگر آشنا آشنا جانتا ہے

نہ ممنون دل طرۂ مشکبو کا
نہ الطاف باد صبا جانتا ہے

ہزاروں گئے جان سے اک ادا میں
عجب شیوۂ دلربا جانتا ہے

مری چشم پرنم کا حال اوس سے پوچھو
کہ وہ خوب یہ ماجرا جانتا ہے

شکایت نہیں شکوہ شکر سے ہے
کہ اب وہ جفا کو وفا جانتا ہے

اوسے کنج خلوت کی کیا ہے ضرورت
جو محفل کو خلوت سرا جانتا ہے

بہر صورت آئینہ سے مغتنم ہے
کچھ آئین اہل صفا جانتا ہے

عدو کی رعایت سے مجکو ستانا
وہ انصاف کا مقتضا جانتا ہے

ہمیں شیفتہ کی نصیحت سے حاصل
کہ وہ آپ ہم سے سوا جانتا ہے

دیگر

سمجھ اور کوئی دن رقیب خوار مجھے
عزیز رکھتے ہیں اب اوس کے رازدار مجھے

شراب عشق سے کیا دہشت خمار مجھے
جنون شوق سے کیا حاجت بہار مجھے

اگر کہو کہ تو عاشق نہیں ہیں سچ جانوں
تمہاری بات کا ایسا ہے اعتبار مجھے

حصول نام سے دلکو اگر نہو آرام
بہت عزیز نہیں جان بیقرار مجھے

عدو کو رشک سے ایسا کہ مفت میں گویا
ملی ہے جائے نفس برق شعلہ بار مجھے

عجیب عشق میں تہذیب نفس ہوتی ہے
نہ شوق باغ رہا نے سر شکار مجھے

ملا عدو کو مے و نغمہ برق و باران سے
صبا سے خاک ملی اور گل سے خار مجھے

خلاف وعدہ مسلم وفائے وعدہ غلط
غرض کچھ اور نہیں غیر انتظار مجھے

خجل ہوں آپ میں بیوقت اپنی آنے سے
تم اور کرتے ہو ہنس ہنس کے شرمسار مجھے

نہ خاکبوسی تعلق نہ قدمبوسی رابطہ
نہ ہم رہین کی لئی ہیں نہ آستانکی لئی

شب وصال ہی پیغام روز فرقت کا
بہار آئی ہی گلزار میں خزانکی لئی

پیام دوست ہوا قاصدوں کو خنجر سرف
نسیم مصر سی غربت ہی کاروانکی لئی

قدم بھی سکو نہ رکھنی دیا گلستان میں
ہزار بار قدم ہمنی باغبانکی لئی

ہزار جلوۂ رنگین ہیں اور ہر جلوہ
ہوا و بحر لئی چشم خونفشانکی لئی

قفس زہا نہ وجان مرغ و آشیان ملکوت
قفس میں مرغ ہی بیتاب آشیانکی لئی

فنا فی اپنی محبت کی سیج میں ہر کچھہ
بڑا ہی دیتی ہیں ہم زیب داستانکی لئی

ہماری نظم میں ہی شگفتہ وہ کیفیت
کہ کچھہ رہی نہ حقیقت ہی مثانکی لئی

افراد

پروانہ وار جلنا دستور ہی ہمارا
اوس شمع رو پہ مرنا مشہور ہی ہمارا

دیگر

انکھہ گل اوس سی لڑا تا تو لڑائی ہوتی
شگفتہ پھر میں وہ بدلی ہوئی چتون سمجھا

دیگر

غیر پر یار کی نظرین ہیں غضب کی ہیہم
نگہہ یار رہین ہی رنگ گل رعنا کا

دیگر

اوسکی جب انکھہ پھری پھر گئیں اوسکی انکھین
شگفتہ مرلی پہ تیار ہی کیا پھرا تھا

دیگر

کیا جانی گذری تحیر پہ کیا اوسکی بزم میں
آئی وہ اسطرح کہ مجھی پیار آگیا

دیگر

ویرانیکی مانند ذرا جی نہیں لگتا
ہر چند کہ ہی شگفتہ دلّی وطن اپنا

رقیب پیتے ہیں کس کس مزے سے جام شراب	دیگر	ہمارے دور میں افسوس احتساب نہیں
جوش جنون و پند کی تاثیر دیکھنا	دیگر	دامن کو ٹانکتا ہوں گریباں کی چاک میں
ہر شیوے سے ٹپکے ہے ادا ناز تو دیکھو		ہر بات میں اک بات ہے انداز تو دیکھو
کرتے ہیں جور و جفا ناز و ادا کہتے ہیں	دیگر	یہ بھی کیا لوگ ہیں کیا کرتے ہیں کیا کہتے ہیں
منت کش عتاب ہیں الطاف شرط ہے	دیگر	تنہا ستم نہ کیجئے انصاف شرط ہے
ایسی رغبت سے کرے قتل گماں کا ہے کو تھا	دیگر	شیفتہ اس کو تو ہمسے محبت نکلی

نثر خاتمہ

دیوان شیفتہ فرا جان و بیان شگفتہ بیانان با بسم اللہ مد ابروی معشوقہ الحمد بر پیشانی نگندو من لبسیہ چرد گان نون والقلم وما یسطرون در بند ابتدایش چون ساکن و شوار انتہایش ہمچو تحریک الف دور از کار رفتی رسیدہ کہ در شکر پایان رسیدن این دیوان بی پایان و نہایت در رسیدن این نسخہ نمایان سراپای خود را چون خامہ سجدہ ریزی بسر دہم ورگ جان را چون رشتہ شمع بسر رشتہ سوز و گداز در گشتم متصدی اوائی یکی از صد مدارج شکر صد گانہ نتوانم شد و گزارش دہ بجا آوری از مراتب سپاس ہزار درجہ بنا بدم گشت الحمد للہ والمنۃ کہ درین ایام مسرت التیام و درین زمانہ فرحت انجام این دیوان سلالہ سلسلہ خاندان امارت دودہ چشم چراغ دودمان ایالت شیر بیشہ مردی و مردانگی شمشیر معرکہ فرزانگی و فرزانگی بلبل گلستان سخن ایجادی صلصل سروستان بحروی ازادی آبیار گلشن بنجار تصور دستیار چمن پیرا بہار تفکر آئینہ دار معنی الکار ابر و بخشش الفاظ آمد از سخن را بالطبعش چون جمع ہر دو آئینہ لطلی و معنی را با فکر بش چون لفظ و معنی ضبطی قلمش نقل معمار الکلید رقمش روزہ داران خوبی را رویت ہلال عید بادہ فروشش بر باعی ظفر مظفر و قند معنیش بر مذاق ذوق بکر ناظر بصر با ظر نظر ناسخ راسخ ناسخ از اوج فکر رسا و ذہن و کاوش بلندی فطرت فلکی سیرتی ہلالی و شمسی بایستی منضم و با روشنی فکر عالی کمال خیالش شگفتہ انوری آتش شرر شعلہ شرارگی بی ہمہ مصحفی در شان او بعد از حمد اخلاص خان مرہوش جوش حق آن خدا شاگردی کشان بتدبیر میر بہمت جوان نواب محمد مصطفیٰ خان با لکبار معنی شیفتہ با سیہ چردگان الفاظ فرلفتہ بصحبت تمام باہتمام شیخ مدد علی باختتام رسید و بہ بیستیاری نگار بر داران لباس مطبوعی طباعی در بر کشید فقط